تبصرے

نئے رسالے

الرشاد، مرتبۂ مولانا مجیب اللہ ندوی، تقطیع متوسط ضخامت ۴۸ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، سالانہ چندہ :/20 روپے، پتہ: دارالتالیف والترجمہ، جامعۃ الرشاد، اعظم گڈھ۔

جامعۃ الرشاد، اعظم گڈھ عربی کا نیک نام اور قابل قدر مدرسہ ہے، اس مدرسہ میں تالیف وترجمہ کا ایک ادارہ بھی قائم ہے، زیر تبصرہ مجلّہ اس ادارہ کے ترجمان کی حیثیت سے ماہانہ شائع ہونا شروع ہوا ہے، اب تک اس کے گیارہ نمبر شائع ہو چکے ہیں، اس کے فاضل مرتب ملک کے نامور عالم اور صاحب قلم ہیں، متعدد وقیع کتابوں کے مصنف ہیں، چنانچہ اس مجلہ کا رنگ بھی یہی ہے، اس میں اسلامیات اور خصوصاً فقہ اور حدیث پر سنجیدہ اور علمی مقالات ہوتے ہیں۔ جو پر از معلومات اور فکر انگیز ہوتے ہیں، عام ارباب ذوق کے علاوہ مدارس عربیہ کے اساتذہ اور طلبا ء کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

سہ ماہی **تحقیقاتِ اسلامی**، مرتبہ مولانا سید جلال الدین عمری، تقطیع خورد، ضخامت ۱۲۰ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، سالانہ چندہ: /20 روپے، پتہ: پان والی کوٹھی، دودھ پور، علی گڈھ۔

مولانا سید جلال الدین عمری سے قارئین برہان خوب واقف ہیں، مسرت کی بات ہے کہ اب آپ کی سربراہی میں اسلامیات پر تحقیق کا ایک ادارہ علی گڈھ میں قائم ہوا ہے، اور زیر تبصرہ رسالہ اس ادارہ کے مجلہ کا پہلا نمبر ہے، اس نمبر میں تعارف اور تبصرہ کے